www.kidsworship.kr

# عنوان: تخلیق

- 1st Story -

**بیان** شروع میں دنیا بہت تاریک اور خالی تھی۔اس میں کچھ بھی نہیں تھا۔صرف ایک خدا ہی موجود تھا۔ایک دن خُدا نے کہا۔

**خُدا** ''روشنی ہو جا!''

**بیان** پوری دنیا میں چمکدار روشنی ہو گئی۔ اور خُدا نے دیکھا کہ روشنی اچھی ہے۔اور خُدا نے روشنی کو'' دن'' کہا اور تاریکی کو''رات''اس طرح پہلا دن ہوا۔

دوسرے دن خُدا دوبارہ بولا۔



4Page


---

**خُدا** ''آسمان اور پانی بن جائیں!''


**بیان** اس طرح آسمان اور پانی بنائے گئے جو دیکھنے میں خوبصورت تھے۔

تیسرے دن خُدا نے پانی کو ایک جگہ جمع کردیااور خشکی نظر آنے لگی۔خُدا نے کہا کہ زمین گھاس اور بیج دار بوٹیوں کو اور پھل دار درختوں کو اگائے اور ایسا ہی ہوا۔اور خُدا نے دیکھا کہ یہ سب اچھا ہے ۔

**بیان** چوتھے دن خُدا نے کہا:



5Page




6Page

---

**خُدا** ''آسمان پر سورج،چانداور ستارے ظاہر ہوں!''

**بیان** اس طرح دن کے وقت سورج طلوع ہونے اور چمکنے لگا،اور رات کے وقت چانداورستارےخوبصورتی سے چمکنے لگے۔خُدا کی بنائی ہوئی ہر چیز اچھی تھی۔

پانچویں دن خُدا نے کہا:




7Page

---

**خُدا** ''پانی جانداروں کو کثرت سے پیدا کرے۔اور پرندے زمین کے اوپر آسمان میں اڑیں!''

**بیان** خوبصورت پرندے آسمان میں اُڑنے لگے اور دریا اور سمندر بہت سی مچھلیوں اوردیگر جانداروں سے بھر گئے ۔

چھٹے دن خُدا نے زمین پر جانداروں کو پیدا کیا



8Page

---

**خُدا** ''زمین جانداروں کو پیدا کرے !''

**بیان** اس طرح جانداروں کو ان کی جنس کے مطابق پیدا کیا گیا ۔بڑے اور مضبوط ہاتھیوں سے لے کر چھوٹے اور پیارے خرگوشوں اور بہادر شیروں تک مختلف قسم کے جانوروں نے خُدا کی تعریف کی۔ یہ سب دیکھ کر خُدا خوش ہوا۔

آخر میں خُدا نے انسان کو اپنی صورت پر پیدا کیا۔خُدا نے زمین کی مٹی سے انسان کو بنایااور اُس کے نتھنوں میں زندگی کا دم پھونکاتو انسان جیتی جان ہوا۔یہ پہلا انسان '' آدم '' تھا۔



9Page


9Page

**بیان**

ساتویں دن خُدا نے اپنے کام کو ختم کیا اور آرام کیا۔اُس نے اِس دن کو برکت دی اور مقدس ٹھہرایا۔خدا کے فرزند ہوتے ہوئے ہمیں بھی اس دن آرام کرنا اور خُدا کے لئے مقدس ٹھہرانا ہے ۔